نیوز ریلیز

بے باک سفر، روشن مستقبل: اِمپیکٹ ایوارڈز (Impact Awards)

15 اپریل، 2025ء میڈیا انکوائریز

البرٹنز کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ کسی ایسے نئے آنے والے فرد کو نامزد کریں جس نے اپنی کمیونٹی یا کام کی جگہ پر نمایاں کردار ادا کیا ہو۔

البرٹا دنیا بھر سے آنے والوں کا گھر ہے، ان میں بہت سے لوگوں نے متعدد طریقوں سے صوبے کیلئے نمایاں کارکردگی کے ذریعے اپنا حصہ ڈالا ہے جیسے کہ رضاکارانہ طور پر کام کرنا، فنکارانہ کام، اختراعات اور اپنے پیشے یا فِیلڈ میں عمدہ کارکردگی۔ البرٹا امیگرینٹ امپیکٹ ایوارڈز (Alberta Immigrant Impact Awards) دوسرے ملکوں میں پیدا ہونے والے البرٹنز کے تعاون اور کامیابیوں کا جشن منانے کیلئے تشکیل دیئے گئے تھے، قطع نظر اس کے کہ وہ یہاں کتنے عرصے سے رہ رہے ہیں۔

البرٹا میں رہنے والے لوگ کسی فرد کو البرٹا امیگرینٹ امپیکٹ ایوارڈ کیلئے نامزد کر کے امیگرینٹ نوجوانوں، خواتین، کاروباری افراد، ماہرین تعلیم، فنکاروں، کھلاڑیوں، پیشہ ور افراد اور کمیونٹی بلڈرز کے کارناموں کو تسلیم کر سکتے ہیں۔

"امیگرینٹس البرٹا کی ترقی اور کامیابی میں ایک جاندار کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ ضروری صنعتوں کو سپورٹ کرتے ہیں، جدت طرازی کرتے ہیں اور اپنی کمیونٹیوں میں ان گنت طریقوں سے اپنا حصہ ڈالتے ہیں – چاہے وہ کاروبار، سائنس اور ٹیکنالوجی، پیشہ ورانہ حصہ داریاں، علم و فضل، فنون لطیفہ، کھیل یا رضاکارانہ کاوشوں کے ذریعے ہو۔ ان کے متنوع پسِ منظر اور تجربات البرٹا کو رہنے کی ایک زیادہ مالدار، اور زیادہ متحرک جگہ بناتے ہیں۔ ان کی حصہ داریوں اور ہمارے صوبے پر ان کے مثبت اثرات کا جشن منانا ضروری ہے۔"

محمد یُسین *(Muhammad Yaseen)، امیگریشن اور کثیر الثقافتی کے وزیر*

نامزدگیوں کا تخمینہ اس معیار پر لگایا جاتا ہے جیسے کہ نامزد فرد کی مجموعی کنٹری بیوشن، کہ ان کے کاموں نے ضروریات کو کیسے پورا کیا اور انہوں نے دوسروں پر کس طرح اثرات مرتب کئے، اور مسائل کو حل کرتے وقت انہوں نے قیادت اور اصلیت کا مظاہرہ کیسے کیا۔ نامزدگیاں 15 اپریل سے 18 جون کی دوپہر تک کُھلی ہیں، اور البرٹا امیگرینٹ امپیکٹ ایوارڈز کے وصول کنندگان کی شناخت کیلئے موسم خزاں 2025ء میں ایک تقریب منعقد کی جائے گی۔
تفصیلات اور کسی کو نامزد کرنے کیلئے Alberta.ca/ImmigrantImpactAwards پر جائیں۔

فوری حقائق

- ایوارڈز میں آٹھ کیٹیگریاں شامل ہیں: آرٹس اور کھیل، کیرئیر اور تعلیمی کنٹری بیوشن، کاروباری جذبہ، امیگرینٹ ایکسیلینس، کام کی جامع جگہ، اسمال کمیونٹی اِنہینسمینٹ، امیگرینٹ خواتین کا اثر اور نوجوان لِیڈر۔

- ہر کیٹیگری میں ایک سے زائد وصول کنندگان کو نوازا جا سکتا ہے۔
- اہل ہونے کیلئے نامزد افراد لازمی طور پر:
    - ایک فرد ہو (کوئی گروپ یا تنظیم نہیں)
    - البرٹا کی حکومت کا کوئی ایسا ہی ملتا جلتا ایوارڈ وصول نہ کیا ہو
    - کینیڈا سے باہر پیدا ہوئے ہوں (لیکن کینیڈا میں بہت سالوں سے رہنے والے ہو سکتے ہیں)
    - مستقل رہائشی یا کینیڈا کے شہری ہو سکتے ہیں
    - کوئی مجرمانہ سزا نہ ہوئی ہو جس کیلئے معافی نہ ملی ہو
    - کوئی منتخب عہدے دار نہ ہو
    - نامزدگی کے وقت البرٹا میں رہتے ہوں
    - البرٹا کے معاشی یا سماجی تانے بانے میں حصہ ڈالا ہوا ہو

- نامزدگیاں لازمی طور پر آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کروائی جانی چاہئیں۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا امیگرینٹ امپیکٹ ایوارڈز (Alberta Immigrant Impact Awards)

میڈیا انکوائریز

نِیل سِنگھ (Neil Singh)

780-422-3559
پریس سیکریٹری، امیگریشن اینڈ ملٹی کلچرل ازم